ilmkidunya
علم کی دنیا

Urdu - ICS Part 1 Urdu Full Book Short Questions Preparation

Q1. انڈے کی سب سے بڑی خوبی کیا ہے.

Ans 1: یوسفی صاحب کے بقول انڈے کی سب سے بڑی خوبی یہ کہ پھوہڑ سے پھوہڑ عورت کسی طرح سے پکائے مزے دار پکے گا.

Q2. شکاری اپنے ارادے میں کیسے ناکام ہوا.

Ans 1: صبح درخت کے اردگرد سانپ لیٹ گیا. جب شکاری نے یہ دیکھا تو مارے ڈر کر بھاگ گیا.

Q3. شکاری کا کردار کس بات کی علامت ہے.

Ans 1: شکاری کا کردار بیرونی دشمن اور حملہ آور کی علامت ہے

Q4. کبوتر، گدھ اور سانپ دوستی اور باہمی تعاون پر کیوں امادہ ہوئے.

Ans 1: جنگل میں آنے والےخطرات اور مشکلات سے نپٹنے کے لیے وہ دوستی اور تعاون پر آمادہ ہوئے.

Q5. ابن انشا کو اس جزیرہ پر کس سے مڈبھیڑ کا خطرہ تھا.

Ans 1: ابن انشا کو اس جزیرے پر کسی پیر تسمیہ بابا کسی شہزادی مہر افروز سے مڈ بھیڑ کا خطرہ تھا.

Q6. ابن انشا نے قیام کی کیا راحتیں اور برکتیں بیان کی ہیں.

Ans 1: نہ پاسپورٹ کی فکر، نہ ویزا لگوانے کےلے بھاگ دوڑ، نہ فارن ایکسچینج کاٹنا اور نہ ہوائی کمپنیوں کے پھیرے قیام کرنے سے ان تمام چیزوں سے انسان کو چھٹکارا حاصل ہوجاتا ہے.

Q7. "برا وقت کسی کو بتا کرنہیں آتا" یہ بات کس نے کس کو کہی.

Ans 1: یہ بات کبوتر نے کبوتری سے کہی

Q8. ہماری ضیافتوں میں میزبان کے اخلاص کا اندازہ کس بات سے لگایا جاتا ہے.

Ans 1: میزبان کے اخلاس اور ایثار کا اندازہ مرغیوں اور مہمانوں کی تعداد اور ان کے تناسب سے لگایا جاتا ہے.

Q9. کبوتری کے اصرار پر کبوتر دوستی کے لیے سب سے پہلے کس کے پاس گیا.

Ans 1: کبوتری کے اصرار پر کبوتر دوستی کے لیے سب سے پہلے گدھوں کے جوڑے کے پاس گیا.

Q10. شکاری سارے دن کس کی تلاش میں مارا مارا پھر رہا تھا.

Ans 1: شکاری ، شکار کی تلاش میں مارا مارا پھر رہا تھا.

Q11. کسی بیرونی خطرے می صورت میں ہمیں کیا طرز عمل اختیار کرنا چاہیے.

Ans 1: اتفاق اور اتحاد میں طاقت ہے ہمیں متحد ہو کر بیرونی خطرات کا مقابلہ کرنا چاہے.

Q12. کبوتر کو انڈے دینے کے بعد کیا فکر لاحق ہوئی

Ans 1: کبوتر کو انڈے دینے کےبعد یہ فکر لاحق ہوئی کہ کوئی جانور اس کے انڈے نہ لے جائے

Q13. کس کا گھر اچھا خاصا پولٹری فارم معلوم ہوتا تھا.

Ans 1: مصنف کا گھر اچھا خاصا پولٹری فارم معلوم ہوتا تھا.

Q14. بزرگوں کے خیال میں مرغ آزان کیوں دیتا ہے.

Ans 1: بزرگوں کے خیال میں مرغ کی آزان دراصل عبادت ہے

Q15. مصنف کے نزدیک وہ کون سی سنگین غلط فہمی ہے جس میں عوام و خواص مبتلا ہیں۔.

Ans 1: مصننف کے نزدیک عوام و خواص ایک سنگین غلط فہمی کا شکار ہیں کہ مرغیاں دڑبے اور ٹاپے میں رہتی ہیں.

Q16. معاشرے کی بقا کے لیے امداد باہمی کی کیا اہمیت ہے۔.

Ans 1: ایک دوسرے کی مدد اور تعاون کے بغیر زندگی نہیں گزاری جاسکتی ہےمعاشرے کی بقا کا انحصار امداد باہمی پر ہے.

Q17. کبوتر کو کس بات کی علامت قرار دیا جاتا ہے.

Ans 1: کبوتر کو امن اور سلامتی کی علامت قرار دیا جاتا ہے

Q18. یوسفی صاحب کے خیال میں مرغی کا صحیح مقام ہے.

Ans 1: یوسفی صاحب کے خیال میں مرغی کا صحیح مقام ہے پیٹ اور پلیٹ

Q19. ابن انشائ کے مطابق" دنیا سے زیادہ تو ہم گول ہوگئے" وہ کیسے.

Ans 1: ابن انشا کے بقول وہ بیکنگ سے لڑھکے تو پیرس پہنچے اور کوپن ہیگن سے پھسلے تو کولمبو میں آکر رکے بلکہ جاگرے دم لیا

Q20. "تم ہمیں ہر امتحان میں ثابت قدم پاؤ گے" یہ الفاظ کس نے کس کوکہا.

Ans 1: سانپ نے جب یہ کہا دوستی کی خاطر جان بھی قربان کرنا پڑتی ہے تو کبوتر اور گدھ نے بیک وقت سانپ سے کا تم ہمیں ہر امتحان میں ثابت قدم پاو گے.